# یسوع مسیح میں فتح



ترتیب واٹسن گڈمین

مفت تقسیم کے لئے ، بیچنے کے لئے نہیں۔

# یسوع مسیح میں فتح

خدا کے کلام میں دُنیا کے سردار کے طور پر بیان کیا جانے والا شیطان خُدا اور اُسکی اعلیٰ ترین مخلوق---انسان--- کا سب سے بڑا دُشمن ہے۔ ہم بنی نوع انسان ایک انتہائی خطرناک میدانِ جنگ میں ہیں۔ مسیح اور شیطان کے درمیان جنگ زوروں پر ہے۔ ہمیں انتخاب کرنا ہے کہ اِن دونوں میں سے کون ہمیشہ ہمیشہ کیلئے ہمارا ذاتی مالک ہو گا۔--- مسیح، خالق--- جو عمانوایل (خُدا ہمارے ساتھ) ہے' یا شیطان، مخلوق--- جو خُدا کے خلاف ساری بغاوت کا بادشاہ ہے۔ مسیح نے اپنی موت اور جی اُٹھنے کے ذریعے سے اُن سب کے لئے کامل فتح کو جیتا ہے جو اُس پر سچے طور پر ایمان لاتے ہیں۔

شیطان بے شمار طریقوں سے لوگوں کو دھوکہ دینے اور گمراہ کرنے کی کوشش کرتا ہے۔ بنیادی اَمر متنازعہ عبادت ہے۔ مسیح ہمارا خالق ساری عبادت کا مستحق ہے۔ ہم اُسی سے مطابقت رکھتے ہیں جس کی ہم پرستش کرتے ہیں۔ دُنیا بھر میں لوگوں کو قابو کرنے کی شیطان کی حتمی کوشش اِن باتوں پر مرکوز ہوتی ہے۔

(1) خُدا کی ذات سے خودمختاری (2) بدرُوحوں کی تابعداری

(3) گناہ آلود انسان کی پرستش (4) شیطانی مورتوں کی پرستش

(5) اور خرید و فروخت کرنے کے لئے درکار جسم پر شیطان کی چھاپ۔

اِن سب چیزوں سے ہوشیار رہیے!

© 2010 جملہ حقوق بحقِ Calvary Chapel Pakistan محفوظ ہیں۔ ترجمہ: ندیم میسی

**All scriptures are taken from the Urdu Bible with permission from the Bible Society of India.**

# خُدا نے ایک مخالف کو تخلیق نہیں کیا تھا

## خُدا نے ابلیسؔ کو آسمان میں ایک بہت بلند مقام کے لئے تخلیق کیا

''خُداوند خُدا یوں فرماتا ہے کہ تُو خاتم الکمال دانش سے معمور اور حُسن میں کامِل ہے۔ تُو عدؔن میں باغ خُدا میں رہا کرتا تھا۔ ہر ایک قیمتی پتھر تیری پوشش کیلئے تھا۔ مثلاً یاقوتِ سُرخ اور پکھراج اور الماس اور فِیروزہ اور سنگِ سُلیمانی اور زبرجد اور نیلم اور زُمرد اور گوہرِ شب چراغ اور سونے سے تُجھ میں خاتم سازی اور نگینہ بندی کی صنعت تیری پیدائش ہی کے روز سے جاری رہی۔''

## وہ خُدا کے تخت کے قریب تھا

'' تُو مُمسوح کرُوبی تھا جو سایہ افگن تھا اور مَیں نے تجھے خُدا کے کوہِ مقدس پر قائم کیا۔ تُو وہاں آتشی پتھروں کے درمیان چلتا پھرتا تھا۔''

## وہ کامل تخلیق ہوا

''تُو اپنی پیدائش ہی کے روز سے اپنی راہ و رسم میں کامِل تھا جب تک کہ تُجھ میں ناراستی نہ پائی گئی۔''

## خُدا گناہ کو باہر نکال پھینکتا ہے

'' تیری سوداگری کی فراوانی کے سبب سے اُنہوں نے تُجھ میں ظلم بھی بھر دیا اور تُو نے گناہ کیا۔ اِس لئے مَیں نے تُجھ کو خُدا کے پہاڑ پر سے گندگی کی طرح پھینک دیا اور تُجھ سایہ افگن کرُوبی کو آتشی پتھروں کے درمیان سے فنا کر دیا۔''

حزقی ایل 28:12ب-16

# کس چیز نے ابلیسؔ کو گناہ کرنے پر اُکسایا

''ہلاکت سے پہلے تکبر اور زوال سے پہلے خود بینی ہے۔'' امثال 18:16

تیرا دِل تیرے حُسن پر گھمنڈ کرتا تھا۔ تُو نے اپنے جمال کے سبب سے اپنی حکمت کھودی۔ مَیں نے تُجھے زمین پر پٹک دیا اور بادشاہوں کے سامنے رکھ دِیا ہے تاکہ وہ تجھے دیکھ لیں۔'' حزقی ایل 17:28

## باغی کا انجام

تُو نے اپنی بدکرداری کی کثرت اور اپنی سوداگری کی ناراستی سے اپنے مقدسوں کو ناپاک کیا ہے۔ اِس لئے مَیں تیرے اندر سے آگ نکالونگا جو تجھے بھسم کریگی اور مَیں تیرے سب دیکھنے والوں کی آنکھوں کے سامنے تجھے زمین پر راکھ کردونگا۔ قوموں کے درمیان وہ سب جو تجھ کو جانتے ہیں تجھے دیکھ کر حیران ہونگے۔ تُو جایِ عبرت ہوگا اور باقی نہ رہیگا۔''

حزقی ایل 28:18، 19 الف

## کوئی بھی تخلیق خالق کی محکوم ہوتی ہے

''خوشی سے خُداوند کی عبادت کرو۔ گاتے ہوئے اُس کے حضور حاضر ہو۔ جان رکھو کہ خُداوند ہی خُدا ہے۔ اُسی نے ہم کو بنایا اور ہم اُسی کے ہیں۔ ہم اُس کے لوگ اور اُس کی چراگاہ کی بھیڑیں ہیں۔'' زبور 100:2، 3

# ابلیس کا اعلانِ خودمختاری

## خُدا کی مرضی کے خلاف اُسکی مرضی

''اے صبح کے روشن ستارے تُو کیونکر آسمان پر سے گر پڑا! اَے قوموں کو پست کرنے والے تُو کیونکر زمین پر پٹکا گیا!۔ تُو تو اپنے دل میں کہتا تھامَیں آسمان پر چڑھ جاؤنگا۔ مَیں اپنے تخت کو خُدا کے ستاروں سے بھی اُونچا کرونگااورمَیں شمالی اطراف میں جماعت کے پہاڑ پربیٹھونگا۔ مَیں بادلوں سے بھی اُوپر چڑھ جاؤنگا۔مَیں خُدا تعالیٰ کی مانند ہونگا۔''

## وہ زمین پرتباہی کا کام کرتا ہے

''لیکن تُو پاتال میں گڑھے کی تہہ میں اُتارا جائیگا۔ اور جن کی نظر تجھ پر پڑیگی تُجھے غور سے دیکھ کرکہیں گے کیا یہ وہی شخص ہے جس نے زمین کولرزایااورمملکتوں کو ہلا دیا۔ جس نے جہان کو ویران کیا اور اُس کی بستیاں اُجاڑ دیں۔ جس نے اپنے اِسیروں کوآزاد نہ کیا کہ گھر کی طرف جائیں۔؟''

## وہ خُدا کے نزدیک نفرت انگیز ہے

''قوموں کے تمام بادشاہ سب کے سب اپنے اپنے مسکن میں شوکت کے ساتھ آرام کرتے ہیں۔لیکن تُو اپنی گور سے باہرنکمی شاخ کی مانندنکال پھینکا گیا۔تُو اُن مقتولوں کے نیچے دبا ہے جوتلوار سے چھیدے گئے اورگڑھے کے پتھروں پر گرے ہیں۔''

یسعیاہ 14:12-19

# خُدا کے سامنے خودمختاری سے ہلاکت آتی ہے

## سب سے پہلے ابلیس میں

(صفحہ نمبر 3 پر یسعیاہ 14:13، 14 میں دیئے گئے ابلیس کے پانچ ''مَیں کرونگا'' دیکھئے)

''اُس نے اُن سے کہا مَیں شیطان کو بجلی کی طرح آسمان سے گرا ہوا دیکھ رہا تھا۔'' لوقا 10:18

## ابلیس کی پیروی کرنے والے فرشتوں میں

''خُدا نے گناہ کرنے والے فرشتوں کو نہ چھوڑا بلکہ جہنم میں بھیج کر تارِیک غاروں میں ڈال دِیا

تا کہ عدالت کے دِن تک حراست میں رہیں۔'' 2 پطرس 2:4ب

## اُن لوگوں میں جو ابلیس سے دھوکہ کھاتے ہیں

''نومرید نہ ہو تا کہ تکبر کر کے کہیں اِبلیس کی سی سزا نہ پائے۔'' 1 تیمتھیس 3:6

''کیونکہ جو شخص جس سے مغلوب ہے وہ اُس کا غلام ہے۔'' 2 پطرس 2:19ب

''کیونکہ جھوٹے مسیح اور جھوٹے نبی اُٹھ کھڑے ہونگے اور ایسے بڑے نشان اور عجیب کام

دکھائیں گے کہ اگر ممکن ہو تو برگزیدوں کو بھی گُمراہ کر لیں۔'' متی 24:24

## آسمان پر صرف ایک ہی مرضی ہونی چاہیے -- خُدا کی کامل مرضی

''اور اِس جہان کے ہمشکل نہ بنو بلکہ عقل نئی ہو جانے سے اپنی صورت بدلتے جاؤ تا کہ خُدا کی

نیک اور پسندیدہ اور کامِل مرضی تجربہ سے معلوم کرتے رہو۔'' رُومیوں 12:2

جہنم میں ایک دوسرے کو ہمیشہ ہمیشہ کے لئے نفرت کرنے والی لاکھوں مرضیاں ہونگی۔

# ساری عبادت پر خُدا کا حق

’’تب اُس نے کہا خدا وند تیرا خُدا جو تجھ کو ملکِ مصر یعنی غلامی کے گھر سے نکال لایا مَیں ہوں۔ میرے آگے تُو اور معبودوں کو نہ ماننا۔‘‘ اِستثنا 5:6،7

’’خُداوند کی ایسی تمجید کرو جو اُس کے نام کے شایاں ہے۔ ہدیہ لاؤ اور اُس کے حضور آؤ۔ پاک آرائش کے ساتھ خُداوند کو سجدہ کرو۔‘‘ 1 تواریخ 16:29

’’اُسی کی عبادت کرو جس نے آسمان اور زمین اور سمندر اور پانی کے چشمے پیدا کیئے۔‘‘ مُکاشفہ 14:7ب

’’یسوؔع نے اُس سے کہا، اَے شیطان دور ہو کیونکہ لکھا ہے کہ تُو خُداوند اپنے خُدا کو سجدہ کر اور صرف اُسی کی عبادت کر۔‘‘ متی 4:10

’’اور مَیں اُسے سجدہ کرنے کے لیے اُس کے پاؤں پر گرِا۔ اُس نے مجھ سے کہا کہ خبردار! ایسا نہ کر۔ مَیں بھی تیرا اور تیرے اُن بھائیوں کا ہم خدمت ہوں جو یسوؔع کی گواہی دینے پر قائم ہیں۔ خدُا ہی کو سجدہ کر۔‘‘ مکاشفہ 19:10الف

’’آؤ ہم جھکیں اور سجدہ کریں! اور اپنے خالقِ خُداوند کے حضور گھٹنے ٹیکیں۔‘‘ زبُور 95:6
(دیکھئے پیدایش 1:27)

## گمراہ ہونے والے باغی کی پرستش کرتے ہیں

’’ساری دُنیا تعجب کرتی ہوئی اُس حیوان کے پیچھے ہولی۔ اور چونکہ اُس اژدہا نے اپنا اختیار اُس حیوان کو دے دیا تھا اِس لئے اُنہوں نے اژدہا کی پرستش کی۔‘‘ مُکاشفہ 13:3ب،4الف

# خُدا کے مخالف کی عبادت نہ کریں!

## شیطان اور بدروحیں پرستش کی آرزومند ہیں

’’پھر ابلیسؔ اُسے ایک بہت اُونچے پہاڑ پر لے گیا اور دُنیا کی سب سلطنتیں اور اُنکی شان وشوکت اُسے دکھائی۔ اور اُس سے کہا اگر تُو جھک کر مجھے سجدہ کرے تو یہ سب کچھ تجھے دے دونگا۔‘‘ متی 4:8،9

’’اور باقی آدمیوں نے جو اِن آفتوں سے نہ مرے تھے اپنے ہاتھوں کے کاموں سے توبہ نہ کی کہ شیاطین کی اور سونے اور چاندی اور پیتل اور پتھر اور لکڑی کی مورتوں کی پرستش کرنے سے باز آتے جو نہ دیکھ سکتی ہیں نہ سن سکتی ہیں۔ نہ چل سکتی ہیں۔‘‘ مُکاشفہ 9:20

## خُدا ایسے پرستاروں کو نیست و نابود کرتا ہے

’’اور جن آدمیوں پر اُس حیوان کی چھاپ تھی اور جو اُس کے بُت کی پرستش کرتے تھے اُن کے ایک بُرا اور تکلیف دینے والا ناسُور پیدا ہوگیا۔ اور اُن میں سے ہر ایک کے اعمال کے موافق اُس کا انصاف کیا گیا۔ پھر موت اور عالمِ ارواح آگ کی جھیل میں ڈالے گئے۔ یہ آگ کی جھیل دوسری موت ہے۔‘‘ مُکاشفہ 16:2ب؛ 20:13ب،14

’’یہوواہؔ مَیں ہوں۔ یہی میرا نام ہے۔ مَیں اپنا جلال کسی دوسرے کیلئے اور اپنی حمد کھودی ہوئی مورتوں کیلئے رَوا نہ رکھونگا۔‘‘ یسعیاہ 42:8

# مسیح کے فرشتے اور شیطان کے فرشتے

## خُداوند کے فرشتے شیطان کے گرائے گئے فرشتوں سے زیادہ طاقتور ہیں

''اے خُداوند کے فرشتو! اُس کو مبارک کہو۔ تُم جو زور میں بڑھ کر ہو اور اُس کے کلام کی آواز سن کر اُس پر عمل کرتے ہو۔'' زبُور 103:20

''پھر آسمان پر لڑائی ہوئی۔ میکائیلؔ اور اُس کے فرشتے اژدہا سے لڑنے کو نکلے اور اژدہا اور اُس کے فرشتے اُن سے لڑے۔ لیکن غالب نہ آئے۔'' مُکاشفہ 12:7، 8 الف

## خُدا کے پاک فرشتے خُدا کے لوگوں کی خدمت اور حفاظت کرتے ہیں

''کیا وہ سب خدمت گذار رُوحیں نہیں جو نجات کی میراث پانے والوں کی خاطر خدمت کو بھیجی جاتی ہیں؟۔'' عبرانیوں 1:14

''کیونکہ وہ تیری بابت اپنے فرشتوں کو حُکم دے گا کہ تیری سب راہوں میں تیری حفاظت کریں۔ وہ تجھے اپنے ہاتھوں پر اُٹھا لیں گے تا کہ ایسا نہ ہو کہ تیرے پاؤں کو پتھر سے ٹھیس لگے۔'' زبُور 91:11، 12

## گرے ہوئے فرشتے (بدروحیں) انسان کو جہنم میں لے جانے کے لئے پُرعزم ہیں

''۔۔۔ پھر جا کر اور سات رُوحیں اپنے سے بُری ہمراہ لے آتی ہے۔۔'' لوقا 11:26 ب

''لیکن رُوح صاف فرماتا ہے کہ آئندہ زمانوں میں بعض لوگ گمراہ کرنے والی رُوحوں اور شیاطین کی تعلیم کی طرف متوجہ ہو کر ایمان سے برگشتہ ہو جائیں گے۔'' 1 تیمُتھیس 4:1

# کس شخص اور کونسی چیز سے شیطان خاص طور پر نفرت کرتا ہے؟

## خُدا کی شبیہ پر بنائے گئے انسان سے

''وہ آتا ہی تھا کہ بدرُوح نے اُسے پٹک کر مروڑا اور یسوؔع نے اُس ناپاک رُوح کو جھڑکا اور لڑکے کو اچھا کر کے اُس کے باپ کو دے دِیا۔''

## خاندانوں -- یعنی خُدا کی برکات سے

''جو تجھے مبارک کہیں اُن کو مَیں برکت دونگا اور جو تجھ پر لعنت کرے اُس پر مَیں لعنت کرؤنگا اور زمین کے سب قبیلے تیرے وسیلہ سے برکت پائینگے۔'' پیدایش 3:12

## مسیح (مجسم خُدا) سے جس کی ذات اور خون میں نجات ہے

''ہیرودیسؔ ۔۔۔ نہایت غصّے ہوا اور آدمی بھیج کر بیت لحؔم اور اُس کی سب سرحدوں کے اندر کے اُن سب لڑکوں کو قتل کروادیا جو دو دو برس کے یا اِس سے چھوٹے تھے۔ اُس وقت کے حساب سے جو اُس نے مجوسیوں سے تحقیق کی تھی۔'' متی 16:2

## کلام خُدا سے -- شیطان اِسکی تردید کرتا ہے

''کیا واقعی خُدا نے کہا ہے۔۔۔۔؟۔''

''تب سانپ نے عورت سے کہا کہ تم ہرگز نہ مروگے۔'' پیدایش 3:1ب ، 4

## رُوح سے پیدا ہونے والے ایمانداروں سے

''تمہارا مخالف ابلیسؔ گرجنے والے شیر ببر کی طرح ڈھونڈتا پھرتا ہے کہ کس کو پھاڑ کھائے۔'' 1 پطرس 8:5

# شیطان ایک نقاّل

**ملکیت کی چھاپ کی نقل اُتارتا ہے:** ''اور پھر لعنت نہ ہوگی اور خُدا اور برّہ کا تخت اُس شہر میں ہوگا اور اُس کے بندے اُس کی عبادت کریں گے۔ اور وہ اُس کا مُنہ دیکھیں گے اور اُس کا نام اُن کے ماتھوں پر لکھا ہوا ہوگا۔'' مُکاشفہ 22:3،4 (صفحہ 35 پر شیطان کی نقالی دیکھیں)

## جھوٹ کے ساتھ انجیل کا غلط استعمال کرتا ہے

''میَں تعجب کرتا ہوں کہ جس نے تمہیں مسیح کے فضل سے بُلایا اُس سے تم اس قدر جلد پھر کر کسی اور طرح کی خوشخبری کی طرف مائل ہونے لگے۔ مگر وہ دوسری نہیں البتہ بعض ایسے ہیں جو تمہیں گھبرا دیتے اور مسیح کی خوشخبری کو بگاڑنا چاہتے ہیں۔'' گلتیوں 1:6،7

**خُدا کے خادموں کی نقل اُتارتا ہے:** ''کیونکہ ایسے لوگ جھوٹے رسول اور دغابازی سے کام کرنے والے ہیں اور اپنے آپ کو مسیح کے رسولوں کے ہمشکل بنا لیتے ہیں۔ اور کچھ عجب نہیں کیونکہ شیطان بھی اپنے آپ کو نورانی فرشتہ کا ہمشکل بنا لیتا ہے۔'' 2 کرنتھیوں 11:13،14

## جھوٹے عجائب کے ساتھ خُدا کے معجزوں کی نقل اُتارتا ہے

(2۔ تھسلنیکیوں 2:9؛ مکاشفہ 13:13،14؛ 19:20)

جس طرح مسیح جب کوئی حقیقی طور پر اُسکی پرستش کرے تو اختیار لیتا ہے، جب لوگ شیطان اور اُسکے دیوتاؤں کی پرستش کریں تو وہ بھی اختیار حاصل کرتا ہے۔ ''اے خُداوند! ہمارے خُدا تیرے سوا دوسرے حاکموں نے ہم پر حکومت کی ہے۔'' یسعیاہ 26:13 الف

# اپنے آپ کو بتوں سے بچائیں

''اے بچّو! اپنے آپ کو بتوں سے بچائے رکھو۔ آمین!۔'' 1 یوحنا5:21

''میرے حضور تُو غیر معبودوں کو نہ ماننا۔ تُو اپنے لئے کوئی تراشی ہوئی مُورت نہ بنانا۔ نہ کسی چیز کی صورت بنانا جواُوپر آسمان میں یا نیچے زمین پر یا زمین کے نیچے پانی میں ہے۔ تُو اُن کے آگے سجدہ نہ کرنا اور نہ اُن کی عبادت کرنا۔'' خروج20:3،5الف

## دوسرے دیوتا خُدا کے حضور نفرت انگیز ہیں
## انسانی قربانیاں منع کی گئی ہیں

''وہاں تم ضرور اُن سب جگھوں کو نیست و نابود کر دینا جہاں جہاں وہ قومیں جن کے تم وارث ہوگے اُونچے اُونچے پہاڑوں پر اور ٹیلوں پر اور ہر ایک ہرے درخت کے نیچے اپنے دیوتاؤں کی پوجا کرتی تھیں۔ تو تُو خبردار رہنا تا ایسا نہ ہو کہ جب وہ تیرے آگے سے نابود ہو جائیں تو تُو اِس پھندے میں پھنس جائے کہ اُن کی پیروی کرے۔ تُو خُداوند اپنے خُدا کیلئے ایسا نہ کرنا کیونکہ جن جن کاموں سے خُداوند کو نفرت اور عداوت ہے وہ سب اُنہوں نے اپنے دیوتاؤں کیلئے کئے ہیں بلکہ اپنے بیٹوں اور بیٹیوں کو بھی وہ اپنے دیوتاؤں کے نام پر آگ میں ڈال کر جلا دیتے ہیں۔'' اِستثنا12:2اور30الف،31

''کیا مَیں ۔۔۔ اپنی اَولاد کو اپنی جان کی خطا کے بدلے میں دے دوں؟۔'' میکاہ6:7ب

مسیح کا خون گناہوں کو دھوڈالتا ہے۔

# بُت پرستی

## بُت پرستی کی حماقت

''اِس لئے کہ اُنہوں نے خُدا کی سچائی کو بدل کر جھُوٹ بنا ڈالا اور مخلوقات کی زیادہ پرستش اور عبادت کی بہ نسبت اُس خالق کے جو ابد تک محمود ہے۔ آمین۔'' رومیوں 25:1

''ہمارا خُدا تو آسمان پر ہے۔ اُس نے جو کچھ چاہا وہی کیا۔ اُن کے بُت چاندی اور سونا ہیں یعنی آدمی کی دستکاری۔ اُنکے مُنہ ہیں پر وہ بولتے نہیں۔ آنکھیں ہیں پر وہ دیکھتے نہیں۔ اُنکے کان ہیں پر وہ سُنتے نہیں ناک ہیں پر وہ سُونگھتے نہیں۔ اُنکے ہاتھ ہیں پر وہ چھوتے نہیں۔ پاؤں ہیں پر وہ چلتے نہیں اور اُن کے گلے سے آواز نہیں نکلتی۔ اُن کے بنانے والے اُن ہی کی مانند ہو جائینگے۔ بلکہ وہ سب جو اُن پر بھروسہ رکھتے ہیں۔'' زبُور 115:3-8

## بُت پرستی شیطان کی پرستش ہے

'' بُت پرستی سے بھاگو۔ نہیں بلکہ یہ کہتا ہوں کہ جو قربانی غیر قومیں کرتی ہیں شیاطین کیلئے قربانی کرتی ہیں نہ کہ خُدا کیلئے اور مَیں نہیں چاہتا کہ تم شیاطین کے شریک ہو۔''

1 کرنتھیوں 10:14ب، 20

## بُت پرستی کی سزا

'' بُت پرستوں ۔۔۔ کا حصّہ آگ اور گندھک سے جلنے والی جھیل میں ہوگا۔ یہ دوسری موت ہے۔'' مُکاشفہ 21:8ب

# بُت (شیطان) پرستی سے خُدا کو نفرت ہے

## خُدا نے قوموں کو اُنکے بتوں کی وجہ سے تباہ کیا -- آپ کے گھر میں کوئی بُت نہ ہو!

''اور کوئی مرد تیرا سامنا نہ کر سکے گا یہاں تک کہ تُو اُن کو نابُود کر دیگا۔ تم اُن کے دیوتاؤں کی تراشی ہوئی مورتوں کو آگ سے جلا دینا اور جو چاندی یا سونا اُن پر ہو اُس کا تُو لالچ نہ کرنا اور نہ اُسے لینا تانہ ہو کہ تُو اُس کے پھندے میں پھنس جائے کیونکہ ایسی بات خُداوند تیرے خُدا کے آگے مکرُوہ ہے۔ سو تُو ایسی مکرُوہ چیز اپنے گھر میں لا کر اُسکی طرح نیست کر دیا جانے کے لائق نہ بن جانا۔'' استِثنا 7:24ب، 26الف

## مسیح کی خدمت کے دوران خُدا کی چنی ہوئی قوم میں بہت زیادہ بدرُوح گرفتہ لوگ کیوں تھے؟ کیونکہ اُنکے آباؤاجداد نے شیطان کی عبادت کی تھی!

''اور اُن کے بتُوں کی پرستش کرنے لگے جو اُن کیلئے پھندا بن گئے۔ بلکہ اُنہوں نے اپنے بیٹے بیٹیوں کو شیاطین کیلئے قربان کیا۔ اِس لئے خُدا کا قہر اپنے لوگوں پر بھڑکا اور اُسے اپنی میراث سے نفرت ہوگئی۔'' زبور 106:36-37 اور 40

''تُو اُنکے آگے سجدہ نہ کرنا اور نہ اُن کی عبادت کرنا کیونکہ مَیں خُداوند تیرا خُدا غیور خُدا ہوں اور جو مجھ سے عداوت رکھتے ہیں اُن کی اَولاد کو تیسری اور چوتھی پشت تک باپ دادا کی بدکاری کی سزا دیتا ہوں۔'' خروج 20:5

# تمام جادوگری گناہ ہے

''تُو جادوگرنی کو جینے نہ دینا۔''          خروج 18:27

''جو جنّات کے یار ہیں اور جو جادوگر ہیں تم اُن کے پاس نہ جانا اور نہ اُن کے طالب ہونا کہ وہ تم کو نجس بنا دیں۔''   احبار 19:31الف

''اور مَیں تجھ سے جادوگری دور کرونگا اور تُجھ میں فالگیر نہ رہیں گے۔''          میکاہ 5:12

''کیونکہ بغاوت اور جادوگری برابر ہیں اور سرکشی ایسی ہی ہے جیسی مورتوں اور بُتوں کی پرستش۔ سو چونکہ تُو نے خُداوند کے حُکم کو رد کیا ہے اِس لئے اُس نے بھی تجھے رد کیا ہے کہ بادشاہ نہ رہے۔''

1 سیموئیل 15:23

''جب تُو اُس مُلک میں جو خُداوند تیرا خُدا تُجھ کو دیتا ہے پہنچ جائے تو وہاں کی قوموں کی طرح مکرُوہ کام کرنے نہ سیکھنا۔ تُجھ میں ہرگز کوئی ایسا نہ ہو جو اپنے بیٹے یا بیٹی کو آگ میں چلوائے یا فالگیر یا شگون نکالنے والا یا افسُوں گر یا جادوگر۔ یا منتری یا جنّات کا آشنا یا رمّال یا ساحر ہو۔ کیونکہ وہ سب جو ایسے کام کرتے ہیں خُداوند کے نزدیک مکرُوہ ہیں اور اِن ہی مکرُوہات کے سبب سے خُداوند تیرا خُدا اُن کو تیرے سامنے سے نکالنے پر ہے۔''

اِستثنا 18:9-12

**کالا جادو:** ایک ایسا فن جس کے ذریعے مُردوں کی رُوحوں کو حاضر کر کے مستقبل کا حال معلوم کیا جا سکتا ہے۔

# شیطانی بدرُوحوں کی مدد سے مستقبل کی پیشن گوئی

## خُدا علمِ نجوم، جادوگری، خودسوزی اور جسم پر نقش ونگار سے منع کرتا ہے

’’تم کسی چیز کو خون سمیت نہ کھانا اور نہ جادو منتر کرنا نہ شگون نکالنا۔ تم مُردوں کے سبب سے اپنے جسم کو زخمی نہ کرنا اور نہ اپنے اُوپر کچھ گدُوانا۔ مَیں خُداوند ہوں۔‘‘

احبار 19:26 اور 28

’’پس تم اپنے نبیوں اور غیب دانوں اور خواب بینوں اور شگونیوں اور جادوگروں کی نہ سُنو۔‘‘ یرمیاہ 9:27

’’مَیں ۔۔۔ جادوگروں اور بدکاروں اور جھُوٹی قسم کھانے والوں کے خلاف مُستعد گواہ ہونگا۔‘‘ ملاکی 5:3ب

’’کیونکہ تِرافیم نے بطالات کی باتیں کہی ہیں اور غیب بینوں نے بطالت دیکھی اور جھوٹے خواب بیان کئے ہیں۔ اُن کی تسلی بے حقیقت ہے اِس لئے وہ بھیڑوں کی مانند بھٹک گئے۔ اُنہوں نے دُکھ پایا کیونکہ اُنکا کوئی چرواہا نہ تھا۔‘‘ زکریاہ 2:10

## سچے چرواہے پر ایمان لائیں

’’تُمہارا دِل نہ گھبرائے۔ تم خُدا پر ایمان رکھتے ہو مجھ پر بھی ایمان رکھو۔‘‘ یوحنّا 1:14

غیب بینی: کسی نامعلوم اور جھوٹے ذریعے سے مستقبل کا حال بتانا۔

جادوگری: بدرُوحوں کی مدد سے جادوٹونے کرنا۔

# فالگیری (غیب دانی) کے تمام طریقوں کو ترک کریں

## آشنا رُوحوں کے ذریعے سے فالگیری کرنا

''اور جب وہ تم سے کہیں تم جنّات کے یاروں اور افسونگروں کی جو پھُسپھُساتے اور بڑبڑاتے ہیں تلاش کرو تو تم کہو کیا لوگوں کو مناسب نہیں کہ اپنے خُدا کے طالب ہوں؟ ۔'' یسعیاہ 8:19 الف

## جسمانی اعضاء، شبیہوں کو استعمال کرتے ہوئے

'' کیونکہ شاہِ بابل دونوں راہوں کے نقطۂ اِتصال پر فالگیری کیلئے کھڑا ہوگا اور تیروں کو ہلا کر بُت سے سوال کریگا اور جگر پر نظر کریگا۔'' حزقی ایل 21:21

## چھڑیوں کے ذریعے سے فالگیری

''میرے لوگ اپنے کاٹھ کے پُتلے سے سوال کرتے ہیں۔ اُن کا لٹھ اُنکو جواب دیتا ہے کیونکہ بدکاری کی رُوح نے اُنکو گمراہ کیا ہے اور اپنے خُدا کی پناہ کو چھوڑ کر بدکاری کرتے ہیں۔'' ہوسیع 4:12

## فالگیری کے لئے سزا

''سوساؤل اپنے گناہ کے سبب سے جو اُس نے خُداوند کے حضور کیا تھا مرا اِسلئے کہ اُس نے خُداوند کی بات نہ مانی اور اِس لئے بھی کہ اُس نے اُس سے مشورہ کیا جس کا یار جن تھا۔ اور اُس نے خُداوند سے دریافت نہ کیا۔'' 1 تواریخ 10:13، 14 الف

''تب غیب بین پشمان اور فالگیر شرمندہ ہونگے۔۔۔ کیونکہ خُدا کی طرف سے کچھ جواب نہ ہوگا۔'' میکاہ 3:7

# جن طریقوں سے اِس دُنیا کا سردار کام کرتا ہے

## غیر قومیں علمِ نجوم کی پیروی کرتی ہیں

’’خُداوند یوں فرماتا ہے کہ تم دیگر اقوام کی روش نہ سیکھو اور آسمانی علامات سے ہراسان نہ ہو اگرچہ دیگر اقوام اُن سے ہراسان ہوتی ہیں۔‘‘ یرمیاہ 2:10

’’خوش قسمتی کے اعداد و شمار یا چیزوں پر یقین نہ رکھیں۔ اپنے آپ کو شیطانی موسیقی یا تصویروں کے تابع نہ کریں۔ ’’میں کسی خباثت کو مدِ نظر نہیں رکھونگا۔‘‘ (زبور 3:101)

## غرور، ریاکاری اور مُردہ مذہب چھوڑ دیں۔

’’اے ریاکارو۔۔۔ تم پر افسوس! کہ تم سفیدی پھری ہوئی قبروں کی مانند ہو جو اوپر سے خوبصورت دکھائی دیتی ہیں مگر اندر۔۔۔ ہر طرح کی نجاست سے بھری ہیں۔ اسی طرح تم بھی ظاہر میں تو لوگوں کو راستباز دکھائی دیتے ہو مگر باطن میں ریاکاری اور بیدینی سے بھرے ہو۔‘‘ متی 28،27:23

## خودکشی شیطان کی طرف سے ہے

’’شیطان یا بدروحوں کے اِس طرح کے جھوٹوں پر ایمان نہ لائیں کہ اپنے آپ کو قتل کر لینے سے مشکلات اور احساسِ جرم سے آزادی مل جاتی ہے۔ ’’تُو خون نہ کرنا۔‘‘ (خروج 13:20)

صرف مسیح ہی احساسِ گناہ سے آزاد کر سکتا ہے (دیکھئے صفحہ 48 اور 49)

’’خداوند میرا زور اور راگ ہے۔ وہی میری نجات بھی ٹھہرا۔ وہ میرا خُدا ہے۔‘‘ خروج 2:15

# شیطان کے پیغامات سے ہوشیار رہیے

**جھوٹے نبیوں کے ذریعے:** ''تب خُداوند نے مجھے فرمایا کہ انبیاہ میرا نام لے کر جھوٹی نبوت کرتے ہیں۔ مَیں نے نہ اُنکو بھیجا اور نہ حکم دیا اور نہ اُن سے کلام کیا۔ وہ جھوٹی رویا اور جھوٹا علمِ غیب اور بطالت اور اپنے دِلوں کی مکاری نبّوت کی صورت میں تم پر ظاہر کرتے ہیں۔'' یرمیاہ 14:14

''کیونکہ جھوٹے مسیح اور جھوٹے نبی اُٹھ کھڑے ہونگے اور نشان اور عجیب کام دکھائیں گے تاکہ اگر ممکن ہو تو برگزیدوں کو بھی گمراہ کر دیں۔'' مرقس 22:13

## مُردوں کے ساتھ گفتگو کرنے کے ذریعے

خُدا کی ہدایت پر داؔؤد بادشاہ نے اپنے بیٹے کے بارے میں کہا، ''پر اب تو وہ مر گیا پس مَیں کس لئے روزہ رکھوں؟ کیا مَیں اُسے لوٹا لا سکتا ہوں؟ مَیں تو اُس کے پاس جاؤنگا پر وہ میرے پاس نہیں لوٹنے کا۔'' 2 سیموئیل 23:13

بدروحوں کو یسوؔع مسیح کے نام میں دور چلے جانے کا حکم دینے کے سوا اُن سے کوئی بات نہ کریں۔ ہاتھ دکھانے، جنتری اور جادو ٹونے پر کبھی یقین نہ کریں۔ ''لیکن فتح یابی خُداوند کی طرف سے ہے۔'' (امثال 31:21 ب)

## بتوں اور شیطان کی کتابوں کو نیست کر دیں

''اور بہت سے جادوگروں نے اپنی اپنی کتابیں اکٹھی کر کے سب لوگوں کے سامنے جلا دیں اور جب اُن کی قیمت کا حساب ہوا تو پچاس ہزار روپے کی نکلیں۔ اِسی طرح خُداوند کا کلام زور پکڑ کر پھیلتا اور غالب ہوتا گیا۔'' اعمال 19:19، 20 (پڑھیے پیدائش 35:2-5)

## مسیح نے جنس تخلیق کی۔شیطان نے اُسے بے راہ رَوی پر ڈالا

### جنس کی تخلیق صرف شادی کے لئے ہوئی

''اور خُداوند خُدا اُس پسلی سے جواُس نے آدم میں سے نکالی تھی ایک عورت بنا کراُسے آدم کے پاس لایا۔ اِس واسطے مرد اپنے ماں باپ کو چھوڑے گا اور اپنی بیوی سے ملا رہے گا اور وہ ایک تن ہونگے۔'' پَیدائش 22:2 اور 24

''بیاہ کرنا سب میں عزت کی بات سمجھی جائے اور بستر بے داغ رہے کیونکہ خُدا حرامکاروں اور زانیوں کی عدالت کرے گا۔'' عبرانیوں 4:13

''کیونکہ تم یہ خوب جانتے ہو کہ کسی حرامکار یا ناپاک یا لالچی کی جو بُت پرست کے برابر ہے مسیح اور خُدا کی بادشاہی میں کچھ میراث نہیں۔'' افسیوں 5:5

''مگر جن کا بیاہ ہوگیا ہے اُن کو مَیں نہیں بلکہ خُداوند حکم دیتا ہے کہ بیوی اپنے شوہر سے جُدا نہ ہو۔ (اور اگر جُدا ہو تو یا بے نکاح رہے یا اپنے شوہر سے پھر ملاپ کرلے ) نہ شوہر بیوی کو چھوڑے۔'' 1 کرنتھیوں 7:10-11 (دیکھئے رومیوں 7:2؛ مرقس 9:10)

### نافرمانی کے پیچھے شیطان ہے

''جو شخص گناہ کرتا ہے وہ ابلیس سے ہے کیونکہ ابلیس شروع ہی سے گناہ کرتا رہا ہے۔'' 1 یوحنا 8:3 الف

آپ اُسی کے ہیں جسکی آپ فرمانبرداری کرتے ہیں: ''کیا تم نہیں جانتے کہ جس کی فرمانبرداری کے لئے اپنے آپ کو غلاموں کی طرح حوالہ کردیتے ہو اُسی کے غلام ہو۔'' رومیوں 16:6 الف

# کنوارپن کی تحقیر اور زنا کاری خُدا کے خلاف بغاوت ہیں

’’تُو زنا نہ کرنا۔‘‘ خروج 20:14

’’چنانچہ خُدا کی مرضی یہ ہے کہ تم پاک بنو یعنی حرامکاری سے بچے رہو۔‘‘

1 تھسلنیکیوں 3:4

’’اور جو شخص دوسرے کی بیوی سے یعنی اپنے ہمسایہ کی بیوی سے زنا کرے وہ زانی اور زانیہ دونوں ضرور جان سے مار دیئے جائیں۔‘‘ احبار 20:10

## اپنے بدن کے خلاف گناہ

’’بدن حرامکاری کیلئے نہیں بلکہ خُداوند کیلئے ہے اور خُداوند بدن کیلئے۔ کیا تم نہیں جانتے کہ تمہارے بدن مسیح کے اعضاء ہیں؟۔ حرامکاری سے بھاگو۔ جتنے گناہ آدمی کرتا ہے وہ بدن سے باہر ہیں مگر حرامکار اپنے بدن کا بھی گنہگار ہے۔‘‘

1 کرنتھیوں 13:6 ب، 15 الف اور 18

## والدین بچوں کی شہوت پرستی اور زنا کے گناہ سے حفاظت کریں

’’تُو اپنی بیٹی کو کسبی بنا کر ناپاک نہ ہونے دینا تا ایسا نہ ہو کہ مُلک میں رنڈی بازی پھیل جائے اور سارا مُلک بدکاری سے بھر جائے۔‘‘ احبار 19:29

**کنوارپن کی تحقیر:** غیر شادی شدہ ہوتے ہوئے کسی سے جنسی تعلقات اُستوار کرنا۔

**زنا کاری:** شادی شدہ ہوتے ہوئے اپنے جیون ساتھی کے علاوہ کسی سے جنسی وابستگی رکھنا۔

# مسیح کی موت کے ذریعے شیطان نے شکست کھائی

''اور جیسے آدمؔ میں سب مرتے ہیں ویسے ہی مسیح میں سب زندہ کئے جائیں گے ۔''

1 کرنتھیوں 22:15

''پس جس صورت میں کہ لڑکے خون اور گوشت میں شریک ہیں تو وہ خود بھی اُن کی طرح اُن میں شریک ہوا تاکہ موت کے وسیلہ سے اُس کو جسے موت پر قدرت حاصل تھی یعنی ابلیسؔ کو تباہ کردے ۔ اور جو عمر بھر موت کے ڈر سے غلامی میں گرفتار رہے اُنہیں چھڑالے ۔''

عبرانیوں 2:14-15

''خُدا کا بیٹا اِسی لئے ظاہر ہوا تھا کہ ابلیسؔ کے کاموں کو مٹائے ۔'' 1 یوحنا 3:8ب

''اُس نے حکومتوں اور اختیاروں کو اپنے اُوپر سے اُتار کر اُن کا برملا تماشا بنایا ۔''

کلسیوں 2:15

## مسیح میں ہماری بقاء (ہمیشہ کی زندگی)

''جس نے ہمیں نجات دی اور پاک بُلاوے سے بُلایا ہمارے کاموں کے موافق نہیں بلکہ اپنے خاص اِرادہ اور اُس فضل کے موافق جو مسیح یسوعؔ میں ہم پر ازل سے ہوا ۔ مگر اب ہمارے مُنجّی مسیح یسوعؔ کے ظہور سے ظاہر ہوا جس نے موت کو نیست اور زندگی اور بقا کو اُس خوشخبری کے وسیلہ سے روشن کردیا ۔''

2 تیمتھیس 1:9-10

# مسیح کا شیطان پر غلبہ

''تمہارا مخالف ابلیس گرجنے والے شیرِ ببر کی طرح ڈھونڈتا پھِرتا ہے کہ کس کو پھاڑ کھائے۔ تم ایمان میں مضبوط ہو کر ۔۔۔۔ اُس کا مقابلہ کرو۔''

1 پطرس 5:8ب، 9الف

''خُدا کے سب ہتھیار باندھ لو تا کہ تم ابلیس کے منصوبوں کے مقابلہ میں قائم رہ سکو۔ کیونکہ ہمیں خون اور گوشت سے کشتی نہیں کرنا ہے بلکہ حکومت والوں اور اختیار والوں اور اِس دُنیا کی تاریکی کے حاکموں اور شرارت کی اُن روحانی فوجوں سے جو آسمانی مقاموں میں ہیں۔ اِس واسطے تم خُدا کے سب ہتھیار باندھ لو تا کہ بُرے دِن میں مقابلہ کر سکو اور سب کاموں کو انجام دے کر قائم رہ سکو۔ پس سچائی سے اپنی کمر کس کر اور راستبازی کا بکتر لگا کر۔ اور پاؤں میں صلح کی خوشخبری کی تیاری کے جوتے پہن کر۔ اور اُن سب کے ساتھ ایمان کی سِپر لگا کر قائم رہو۔ جس سے تم اُس شریر کے سب جلتے ہوئے تیروں کو بُجھا سکو۔ اور نجات کا خُود اور رُوح کی تلوار جو خُدا کا کلام ہے لے لو۔ ہر وقت ۔۔۔ رُوح میں دُعا ۔۔۔ کرتے رہو اور اِسی غرض سے جاگتے رہو۔'' افسیوں 6:11-18الف

''پس خُدا کے تابع ہو جاؤ اور ابلیس کا مقابلہ کرو تو وہ تم سے بھاگ جائیگا۔'' یعقوب 4:7

''جو تم میں ہے وہ (مسیح) اُس (ابلیس) سے بڑا ہے جو دُنیا میں ہے۔'' 1 یوحنا 4:4ب

ابلیس کیوں بھاگ جاتا ہے: کیونکہ آپ میں مسیح بستا ہے!

# مسیح کا اختیار

## وہ خُدا کی آواز ہے

''خُدا نے ۔۔۔ اِس زمانہ کے آخر میں ہم سے بیٹے کی معرفت کلام کیا جسے اُس نے سب چیزوں کا وارث ٹھہرایا اور جس کے وسیلہ سے اُس نے عالم بھی پیدا کئے۔''

عبرانیوں 1:1 الف، 2

''اور لوگ اُس کی تعلیم سے حیران ہوئے کیونکہ وہ اُنکو فقیہوں کی طرح نہیں بلکہ صاحبِ اختیار کی طرح تعلیم دیتا تھا۔'' مرقس 22:1

''لیکن ہمارے نزدیک تو ایک ہی خُدا ہے یعنی باپ جس کی طرف سے سب چیزیں ہیں اور ہم اُسی کیلئے ہیں اور ایک ہی خُداوند ہے یعنی یسوعؔ مسیح جس کے وسیلہ سے سب چیزیں موجود ہوئیں اور ہم بھی اُسی کے وسیلہ سے ہیں۔'' 1 کرنتھیوں 6:8

''بلکہ اُسے عدالت کرنے کا بھی اختیار بخشا۔ اِس لئے کہ وہ آدمزاد ہے۔'' یوحنا 27:5

''وہ آسمان پر جا کر خُدا کی دہنی طرف بیٹھا ہے اور فرشتے اور اختیارات اور قدرتیں اُس کے تابع کی گئی ہیں۔'' 1 پطرس 22:3

''کیونکہ مسیح اِسی لئے موا اور زندہ ہوا کہ مردُوں اور زندوں دونوں کا خُداوند ہو۔'' رومیوں 9:14

''یسوعؔ نے پاس آ کر اُن سے باتیں کیں اور کہا کہ آسمان اور زمین کا کل اختیار مجھے دیا گیا ہے۔''

متی 18:28

# مسیح اختیار کے ساتھ بولتا اور عمل کرتا ہے

''اُس نے اُٹھ کر ہوا کو ڈانٹا اور پانی سے کہا ساکت ہو! تھم جا! پس ہوا بند ہو گئی اور بڑا اَمن ہو گیا۔'' مرقس 39:4

## اُس نے اختیار کے ساتھ شفا دی

''لیکن اِس لئے کہ تم جانو کہ ابنِ آدم کو زمین پر گناہ معاف کرنے کا اختیار ہے (اُس نے اُس مفلوج سے کہا)۔ مَیں تجھ سے کہتا ہوں اُٹھ اپنی چارپائی اُٹھا کر اپنے گھر چلا جا۔ اور وہ اُٹھا اور فی الفور چارپائی اُٹھا کر اُن سب کے سامنے باہر چلا گیا۔ چنانچہ وہ سب حیران ہو گئے اور خدا کی تمجید کرنے لگے۔'' مرقس 2:10-12 الف

## مسیح بدروحیں نکالتا ہے

''پس وہ ناپاک رُوح اُسے مروڑ کر اور بڑی آواز سے چلا کر اُس میں سے نکل گئی۔ اور سب لوگ حیران ہوئے اور آپس میں یہ کہہ کر بحث کرنے لگے کہ یہ کیا ہے؟ یہ تو نئی تعلیم ہے! وہ ناپاک رُوحوں کو بھی اختیار کے ساتھ حُکم دیتا ہے اور وہ اُس کا حُکم مانتی ہیں۔'' مرقس 1:26، 27

## اُس نے اختیار کے ساتھ مُردوں کو زندہ کیا

''پھر اُس نے پاس آکر جنازہ کو چھُوا اور اُٹھانے والے کھڑے ہو گئے اور اُس نے کہا اَے جوان مَیں تجھ سے کہتا ہوں اُٹھ۔ وہ مُردہ اُٹھ بیٹھا اور بولنے لگا اور اُس نے اُسے اُس کی ماں کو سونپ دیا۔'' لوقا 7:14، 15

# مسیح اپنے ماننے والوں کو دشمن کی ساری طاقت پر اختیار اور قدرت بخشتا ہے

''دیکھو مَیں نے تم کو اختیار دِیا کہ سانپوں اور بچھوؤں کو کچلو اور دشمن کی ساری قدرت پر غالب آؤ اور تم کو ہرگز کسی چیز سے ضرر نہ پہنچے گا۔'' لوقا 19:10

''پھر اُس نے اُن بارہ کو بلا کر اُنہیں سب بدرُوحوں پر اختیار بخشا اور بیماریوں کو دور کرنے کی قدرت دی۔'' لوقا 1:9

''مَیں تم سے سچ کہتا ہو کہ جو کوئی اِس پہاڑ سے کہے تُو اُکھڑ جا اور سمندر میں جا پڑ اور اپنے دِل میں شک نہ کرے بلکہ یقین کرے کہ جو کہتا ہے وہ ہو جائیگا تو اُس کیلئے وہی ہوگا۔''

مرقس 23:11

''مَیں تم سے سچ کہتا ہو کہ جو مجھ پر ایمان رکھتا ہے یہ کام جو مَیں کرتا ہوں وہ بھی کریگا۔'' یوحنا 12:14 الف

''یسوعؔ نے اُس سے کہا کیا! اگر تُو کر سکتا ہے! جو اعتقاد رکھتا ہے اُس کے لئے سب کچھ ہو سکتا ہے۔'' مرقس 23:9

''اور ہم ایمان لانے والوں کیلئے اُس کی بڑی قدرت کیا ہی بیحد ہے۔ اُس کی بڑی قوت کی تاثیر کے موافق۔'' افسیوں 19:1

''جو مجھے طاقت بخشتا ہے اُس میں مَیں سب کچھ کر سکتا ہوں۔'' فلپیوں 13:4

# بدروحیں کیسے نکالی جائیں

## اُنہیں جھڑکیں — یسوؔع کے نام میں اُنہیں حکم دیں

''کیونکہ اُس نے اُس سے کہا تھا اے ناپاک رُوح اِس آدمی میں سے نکل آ۔
پھر اُس نے اُس سے پوچھا تیرا نام کیا ہے؟ اُس نے اُس سے کہا میرا نام لشکر ہے کیونکہ ہم بہت ہیں۔ ۔۔۔ناپاک رُوحیں نکل کر سُواروں میں داخل ہو گئیں۔''

مرقس 5:8، 9 اور 13ب

''یسوؔع نے ۔۔۔اُس ناپاک رُوح کو جھڑک کر اُس سے کہا اَے گونگی بہری رُوح! مَیں تجھے حُکم کرتا ہوں۔ اِس میں سے نکل آ اور اِس میں پھر کبھی داخل نہ ہو۔ وہ چِلا کر اور اُسے بہت مروڑ کر نکل آئی اور وہ مُردہ سا ہو گیا ایسا کہ اکثروں نے کہا وہ مر گیا۔ یہ قسم دُعا کے سوا کسی اور طرح نہیں نکل سکتی۔'' مرقس 9:25ب، 27 اور 29ب

''پولُسؔ (نے)۔۔۔پھر کر اُس رُوح سے کہا مَیں تجھے یسوؔع مسیح کے نام سے حُکم دیتا ہوں کہ اِس میں سے نکل جا۔ وہ اُسی گھڑی نکل گئی۔''

اعمال 16:18ب

''یسوؔع نے اُسے جھڑک کر کہا چُپ رہ اور اُس میں سے نکل جا۔ اِس پر بدرُوح اُسے بیچ میں پٹک کر بغیر ضرر پہنچائے اُس میں سے نکل گئی۔''

لوقا 4:35

# مسیح کا بزرگ و برتر نام

''اور جو کچھ تم میرے نام سے چاہو گے مَیں وہی کروں گا تا کہ باپ بیٹے میں جلال پائے۔ یوحنا 13:14

''اِسی واسطے خُدا نے بھی اُسے بہت سربلند کیا اور اُسے وہ نام بخشا جو سب ناموں سے اعلیٰ ہے۔ تا کہ یسوؔع کے نام پر ہر ایک گھٹنا جھکے۔'' فلپیوں 2:9-10 الف

اپنی بیوی اور خاندان کو ایمان میں مسیح کی خدمت کرنے کے لئے واپس افریقہ لے جانے کے بعد، ایک رات مَیں اپنے اوپر بھیانک بدرُوح کے دباؤ کی وجہ سے جاگ اُٹھا۔ جب مَیں نے اُسکے گھٹنوں کے خلاف اپنے گھٹنوں کو یہ جاننے کے لئے ہلایا کہ آیا یہ اصل ہے؟ تو اُس نے بڑی طاقت کے ساتھ اچانک واپس دھکیلا اور بڑی تیزی سے میرا گلا دبانے کے لئے میری گردن کی طرف بڑھی۔ میرے پاس صرف یہ چار الفاظ کہنے کا ہی وقت تھا۔ ''یسوؔع میری مدد کر!'' وہ بدرُوح فوراً چلی گئی۔ اور تب سے لیکر کئی سالوں بعد یعنی اب تک کبھی دوبارہ نہیں آئی۔ شیطان اور بدرُوحوں پر یسوؔع کے نام میں بے انتہا قوت ہے۔ نجات اور رہائی کے لئے یسوؔع کے نام کو پکاریں۔ (رومیوں 13:10)

ایک خاتون نے مجھے اور میری بیوی کو بتایا کہ جب وہ کالج میں تھی تو ایک نوجوان اُسے سیر کے لئے ریل کی پٹڑی کی طرف لے گیا۔ ایک خاص مقام پر اُس نے اُسے اِس ارادے سے قتل کرنے کی کوشش کی کہ ایسا لگے جیسے وہ ریل گاڑی کے حادثے میں مری ہو۔ جب اُس

خاتون نے اُسے یسوعؔ مسیح کے نام میں حکم دیا تو وہ نوجوان اُس کے سامنے بالکل کمزور ہو گیا اور یسوعؔ کی قدرت اور طاقت میں ہی اُس خاتون نے اُسے اپنے آگے آگے کالج تک چلوایا۔

ایک اور خاتون نے مجھے اور میری بیوی کو بتایا کہ اُس نے اپنی نوجوانی کے دنوں میں بے عقلی کی بدولت ایک قسمت کا حال بتانے والے گروہ کے لئے اپنے کمرے کا دروازہ کھول دیا۔ اُس کے بعد بدرُوحوں نے اکثر اُسکے کمرے کے فرنیچر کو اِدھر اُدھر گھمانا شروع کر دیا۔ مایوسی کی حالت میں اُس نے اُنہیں یسوعؔ کے نام میں اپنے کمرے سے باہر نکالا۔ اِس کے بعد اُس نے اپنے آپ کو مکمل طور پر مسیح یسوعؔ کے تابع کر دیا۔

شیطان اور بدرُوحوں پر نہ ترس کھائیں نہ اُن سے کوئی ہمدردی جتائیں۔ اُن کا واحد مقصد آپکو خُدا کی بجائے اپنی طرف لے کر آنا ہے۔ ایک جسمانی لاغرپن اور ذہنی الجھنوں سے متاثر مسیحی بزرگ نے مجھے وہ باتیں بتائیں جو شیطان اُس کے ذہن میں ڈال رہا تھا۔ وہ شیطان کو ایک موقع دینے کے بارے میں سوچ ہی رہا تھا۔ مَیں نے اُس پر یہ واضح کیا کہ شیطان لوگوں کو دھوکا دینے میں اُستاد ہے۔ اور آپ اُسکی کہی ہوئی ایک بھی بات کا یقین نہیں کر سکتے۔ مَیں نے مسیح یسوعؔ کے قادر نام مَیں شیطان کو ڈانٹا۔ اُس آدمی نے کہا ''میں بہت خوش ہوں کہ آپ آج رات میرے گھر آئے۔ اپنی موت سے پہلے اگلے پانچ ہفتوں تک وہ شخص مسیح میں پُرامن نظر آیا۔ --- واٹسن گڈ مین (1920-2002)

# مسیح اور شیطان کا موازنہ

## مسیح خالق خُدا ہے

''کیونکہ اُسی میں سب چیزیں پیدا کی گئیں۔آسمان کی ہوں یا زمین کی دیکھی ہوں یا اندیکھی۔ تخت ہوں یا ریاستیں یا حکومتیں یا اختیارات۔سب چیزیں اُسی کے وسیلہ سے اور اُسی کے واسطے پیدا ہوئی ہیں۔'' کُلسیوں 16:1

## مسیح نور اور امن عطا کرتا ہے

''تا کہ اُن کو جو اندھیرے اور موت کے سایہ میں بیٹھے ہیں روشنی بخشے اور ہمارے قدموں کو سلامتی کی راہ پر ڈالے۔'' لوقا 79:1

''اب خُداوند جو اطمینان کا چشمہ ہے آپ ہی تم کو ہمیشہ اور ہر طرح سے اطمینان بخشے۔''

2 تھسلنیکیوں 16:3 الف

## بدروحیں اور شیطان ہلاک کرتے ہیں

''چور نہیں آتا مگر چُرانے اور مار ڈالنے اور ہلاک کرنے کو۔'' یوحنّا 10:10 الف

''اے خشکی۔۔۔تم پر افسوس!۔۔۔کیونکہ ابلیس بڑے قہر میں تمہارے پاس اُتر کر آیا ہے اِسلئے کہ جانتا ہے کہ میرا تھوڑی ہی سا وقت باقی ہے۔'' مُکاشفہ 12:12 ب

## شیطان تاریکی اور کرب و اذیت دیتا ہے

''شریروں کی راہ تاریکی کی مانند ہے۔وہ نہیں جانتے کہ کن چیزوں سے اُن کو ٹھوکر لگتی ہے۔'' امثال 19:4

''اور دولتمند بھی موا اور دفن ہوا۔ اُس نے عالمِ ارواح کے درمیان عذاب میں مبتلا ہو کر اپنی آنکھیں اُٹھائیں۔'' لوقا 16:22 ب، 23 الف

# مسیح اور شیطان کا موازنہ

## مسیح حق (سچائی) ہے

''اور کلام مُجسّم ہوا اور فضل اور سچائی سے معمُور ہو کر ہمارے درمیان رہا اور ہم نے اُس کا ایسا جلال دیکھا جیسا باپ کے اکلوتے کا جلال۔ اگر تم میرے کلام پر قائم رہو گے تو حقیقت میں میرے شاگرد ٹھہرو گے۔ اور سچائی سے واقف ہو گے اور سچائی تم کو آزاد کریگی۔'' یوحنا1:14 اور 8:31ب،32

## مسیح محبت سے بھرا ہوا ہے

''ہم نے محبت کو اِسی سے جانا ہے کہ اُس نے ہمارے واسطے اپنی جان دے دی اور ہم پر بھی بھائیوں کے واسطے جان دینا فرض ہے۔'' 1 یوحنا3:16

''ہم اِس لئے محبت رکھتے ہیں کہ پہلے اُس نے ہم سے محبت رکھی۔'' 1 یوحنا4:19

## شیطان تمام جھوٹ کا باپ ہے

''تم اپنے باپ ابلیس سے ہو اور اپنے باپ کی خواہشوں کو پورا کرنا چاہتے ہو۔ وہ شروع ہی سے خونی ہے اور سچائی پر قائم نہیں رہا کیونکہ اُس میں سچائی ہے نہیں۔ جب وہ جھوٹ بولتا ہے تو اپنی ہی سی کہتا ہے کیونکہ وہ جھوٹا ہے بلکہ جھوٹ کا باپ ہے۔'' یوحنا8:44

## شیطان نفرت کی ترغیب دیتا ہے

''اگر دُنیا تم سے عداوت رکھتی ہے تو تم جانتے ہو کہ اُس نے تم سے پہلے مجھ سے بھی عداوت رکھی ہے۔'' یوحنا15:18

''اب جسم کے کام تو ظاہر ہیں۔۔۔ حسد، غُصہ۔۔۔'' گلتیوں5:19 الف،20

# شیطان اور مسیح کا موازنہ

## مسیح رُوح کی صفائی کرتا ہے

''لیکن اگر ہم نور میں چلیں جس طرح کہ وہ نور میں ہے تو ہماری آپس میں شراکت ہے اور اُس کے بیٹے یسوعؔ کا خون ہمیں تمام گناہ سے پاک کرتا ہے۔''

1 یوحنا 7:1

## شیطان روح کو ناپاک اور آلودہ کرتا ہے

''فریب نہ کھاؤ۔ خُدا ٹھٹھوں میں نہیں اُڑایا جاتا کیونکہ آدمی جو کچھ بوتا ہے وہی کاٹے گا۔ جو کوئی اپنے جسم کے لئے بوتا ہے وہ جسم سے ہلاکت کی فصل کاٹے گا۔''

گلتیوں 7:6، 8الف

## شیطان لوگوں کو گناہ کرنے کے لئے اُکساتا ہے

''جو شخص گناہ کرتا ہے وہ ابلیسؔ سے ہے کیونکہ ابلیسؔ شروع ہی سے گناہ کرتا رہا ہے۔''

1 یوحنا 8:3الف

## شیطان ابدی ہلاکت کی طرف لے کر جاتا ہے

''اور کڑوے دانے اُس شریر کے فرزند ہیں۔ جس دشمن نے اُن کو بویا وہ ابلیسؔ ہے،۔۔۔ کڑوے دانے۔۔۔ آگ میں جلائے جاتے ہیں۔''

متی 38:13ب-40الف

# شیطان اور دنیا کا اختیار

## وہ اِس وقت اِس دُنیا کا سردار ہے

''اِس کے بعد مَیں تم سے بہت سی باتیں نہ کرُونگا کیونکہ دُنیا کا سردار آتا ہے اور مجھ میں اُس کا کچھ نہیں۔''                    یوحنا 14:30۔

شیطان سردار ہے، اگر آپکی زندگی میں چیزیں درست سمت میں نہیں جا رہیں تو اُسے الزام دیں۔

''یہ حکمت وہ نہیں جو اُوپر سے اُترتی ہے بلکہ دُنیوی اور نفسانی اور شیطانی ہے۔ اِسلئے کہ جہاں حسد اور تفرقہ ہوتا ہے وہاں فساد اور ہر طرح کا بُرا کام بھی ہوتا ہے۔'' یعقوب 3:15-16

جب بھی شیطان کو موقع ملتا ہے وہ مسیح کی آزادانہ پرستش کو روکنے اور تباہی پھیلانے کی کوشش کرتا ہے۔ وہ مسیح کے لئے آپکے دل میں موجود محبت کو کبھی ختم یا تباہ نہیں کر سکتا۔ ایمان رکھیں!

## موت تک مسیح کے ساتھ وفادار رہیں

''پس یہ سِتفنُس کو سنگسار کرتے رہے اور وہ یہ کہہ کر دُعا کرتا رہا کہ اَے خُداوند یسوؔع! میری رُوح کو قبول کر۔ پھر اُس نے گھٹنے ٹیک کر بڑی آواز سے پکارا کہ اَے خُداوند! یہ گناہ اِن کے ذمہ نہ لگا اور یہ کہہ کر سو گیا۔''          اعمال 7:59-60

## مسیح کی اِس دُنیا پر حکمرانی

''اُسکی سلطنت کے اقبال اور سلامتی کی کچھ انتہا نہ ہوگی۔ وہ داؔؤد کے تخت اور اُسکی مملکت پر آج سے ابد تک حکمران رہے گا اور عدالت اور صداقت سے اُسے قیام بخشے گا۔ یسعیاہ 9:7 الف

# مخالفِ مسیح --- دنیا کا آنے والا بادشاہ

## شیطان سے قوت پانے والا گناہگار انسان

''اے بھائیوں! ہم اپنے خُداوند یسوعؔ مسیح کے آنے اور اُس کے پاس اپنے جمع ہونے کی بابت تم سے درخواست کرتے ہیں۔ کسی طرح سے کسی کے فریب میں نہ آنا کیونکہ وہ دن نہیں آئے گا جب تک کہ پہلے برگشتگی نہ ہو اور وہ گناہ کا شخص یعنی ہلاکت کا فرزند ظاہر نہ ہو۔ جو مخالفت کرتا ہے اور ہر ایک سے جو خُدا یا معبود کہلاتا ہے اپنے آپ کو بڑا ٹھہراتا ہے۔ یہاں تک کہ وہ خُدا کے مَقدس میں بیٹھ کر اپنے آپ کو خُدا ظاہر کرتا ہے۔ اُس وقت وہ بے دین ظاہر ہوگا جسے خُداوند یسوعؔ اپنے منہ کی پھُونک سے ہلاک اور اپنی آمد کی تجلی سے نیست کرے گا۔ اور جس کی آمد شیطان کی تاثیر کے موافق ہر طرح کی جھوٹی قدرت اور نشانوں اور عجیب کاموں کے ساتھ۔'' 2 تھسلنیکیوں 2:1، 3-4، 8-9

''اُس اژدہا نے اپنی قدرت اور اپنا تخت اور بڑا اختیار اُسے دے دیا۔ اور اُسے ہر قبیلہ اور اُمت اور اہلِ زبان اور قوم پر اختیار دیا گیا۔'' مکاشفہ 13:2ب، 7ب

''اور چونکہ اُس اژدہا نے اپنا اختیار اُس حیوان کو دے دیا تھا اِس لئے اُنہوں نے اژدہا کی پرستش کی اور اُس حیوان کی بھی یہ کہہ کر پرستش کی کہ اِس حیوان کی مانند کون ہے؟ کون اُس سے لڑسکتا ہے؟۔'' مکاشفہ 13:4

# مخالفِ مسیح مقدسوں سے جنگ کرے گا

''اور وہ حق تعالیٰ کے خلاف باتیں کرے گا اور حق تعالیٰ کے مُقدسوں کو تنگ کریگا اور مقررہ اوقات وشریعت کو بدلنے کی کوشش کرے گا اور وہ ایک دَور اور دَوروں اور نیم دَور تک اُس کے حوالہ کیئے جائیں گے۔ تب عدالت قائم ہوگی اور اُسکی سلطنت اُس سے لے لیں گے کہ اُسے ہمیشہ کے لئے نیست ونابود کریں۔'' دانی ایل 7:25،26

''اور اُسے بیالیس مہینے تک کام کرنے کا اختیار دیا گیا۔ اور اُس نے خُدا کی نسبت کفر بکنے کے لئے منہ کھولا کہ اُسکے نام اور اُسکے خیمہ یعنی آسمان کے رہنے والوں کی نسبت کفر بکے۔ اور اُسے یہ اختیار دیا گیا کہ مُقدسوں سے لڑے اور اُن پر غالب آئے اور اُسے ہر قبیلہ اور اُمت اور اہلِ زبان اور قوم پر اختیار دیا گیا۔ اور زمین کے وہ سب رہنے والے جن کے نام اُس برّہ کی کتابِ حیات میں لکھے نہیں گئے جو بِنای عالم کے وقت ذبح ہوا ہے اُس حیوان کی پرستش کریں گے۔ جسکے کان ہوں وہ سنے۔''

مکاشفہ 13:5ب-9

''ایمان کی اچھی کُشتی لڑ۔ اُس ہمیشہ کی زندگی پر قبضہ کر لے جس کے لئے تُو بلایا گیا تھا اور بہت سے گواہوں کے سامنے اچھا اقرار کیا تھا۔''

1 تیمتھیس 6:12

# کبھی بھی مخالف مسیح کی شبیہوں کی پرستش نہ کریں

## دُنیا کا مذہبی رہنما دُنیا کو دھوکہ دینے کے لئے
## مخالفِ مسیح کی مدد کرتا ہے۔عبادت کرو یا مرو!

''اور زمین کے رہنے والوں کو اُن نشانوں کے سبب سے جنکے اُس حیوان کے سامنے دکھانے کا اُسکو اختیار دیا گیا تھا اِسطرح گمراہ کردیتا تھا کہ زمین کے رہنے والوں سے کہتا تھا کہ جس حیوان کے تلوار لگی تھا اور وہ زندہ ہو گیا اُسکا بُت بناوٴ۔ اور اُسے اُس حیوان کے بُت میں رُوح پھونکنے کا اختیار دیا گیا تاکہ وہ حیوان کا بُت بولے بھی اور جتنے لوگ اُس حیوان کے بُت کی پرستش نہ کریں اُنکو قتل بھی کرائے ۔ اور وہ حیوان اور اُسکے ساتھ وہ جھوٹا نبی پکڑا گیا جس نے اُسکے سامنے ایسے نشان دکھائے تھے جن سے اُس نے حیوان کی چھاپ لینے والوں اور اُسکے بُت کی پرستش کرنے والوں کو گمراہ کیا تھا۔ وہ دونوں آگ کی اُس جھیل میں زندہ ڈالے گئے ۔''

مکاشفہ 13:14، 15 اور 19:20 الف

## خُدا کے لوگ دوسرے دیوتاوٴں کو رَد کرتے ہیں

''دیکھ ہمارا خُدا جسکی ہم عبادت کرتے ہیں ہمکو آگ کی جلتی بھٹی سے چھڑانے کی قدرت رکھتا ہے اور اَے بادشاہ وہی ہم کو تیرے ہاتھ سے چھڑائے گا اور نہیں تو اَے بادشاہ تجھے معلوم ہو کہ ہم تیرے معبودوں کی عبادت نہیں کرینگے اور اُس سونے کی مُورت کو جو تُو نے نصب کی ہے سجدہ نہیں کرینگے ۔'' دانی ایل 3:17، 18

# مخالف مسیح:   تابعداری کرو یا بھوکے مرو

''اور اُس نے سب چھوٹے بڑوں، دولتمندوں اور غریبوں۔ آزادوں اور غلاموں کے دہنے ہاتھ یا اُنکے ماتھے پر ایک ایک چھاپ کرادی۔ تاکہ اُسکے سِوا جس پر نشان یعنی اُس حیوان کا نام یا اُس کے نام کا عدد ہو اور کوئی خرید و فروخت نہ کر سکے۔ حکمت کا یہ موقع ہے۔ جو سمجھ رکھتا ہے وہ اِس حیوان کا عدد گن لے کیونکہ وہ آدمی کا عدد ہے اور اُسکا عدد 666 ہے۔''

مکاشفہ 13:16-18

## نجات یافتہ لوگوں کے لئے بہتر دن آرہا ہے۔

''یہ وہی ہیں جو اُس بڑی مصیبت میں سے نکل کر آئے ہیں۔ انہوں نے اپنے جامے برّہ کے خون سے دھو کر سفید کئے ہیں۔ اِسی سبب سے یہ خُدا کے تخت کے سامنے ہیں اور اُسکے مَقدس میں رات دن اُسکی عبادت کرتے ہیں اور جو تخت پر بیٹھا ہے وہ اپنا خیمہ اُنکے اوپر تانے گا۔ اِس کے بعد نہ کبھی اُنکو بھوک لگے گی نہ پیاس اور نہ کبھی اُنکو دھوپ ستائے گی نہ گرمی۔ کیونکہ جو برّہ تخت کے بیچ میں ہے وہ اُنکی گلہّ بانی کرے گا اور اُنہیں آبِ حیات کے چشموں کے پاس لے جائیگا اور خُدا اُن کی آنکھوں کے سب آنسو پونچھ دیگا۔''

مکاشفہ 7:14ب-17

بھرے پیٹ جہنم میں جانے سے خُدا کی بادشاہی میں بھوکے جانا بہتر ہے۔

# وہ تمام لوگ جو مخالفِ مسیح کی پرستش کریں یا اپنے جسم پر اُسکی چھاپ لیں گے نیست کیئے جائیں گے

’’پھر اُنکے بعد ایک اور تیسرے فرشتہ نے آکر بڑی آواز سے کہا کہ جو کوئی اُس حیوان اور اُسکے بُت کی پرستش کرے اور اپنے ماتھے یا اپنے ہاتھ پر اُسکی چھاپ لے لے۔ وہ خُدا کے قہر کی اُس خالص مے کو پیئے گا جو اُسکے غضب کے پیالہ میں بھری گئی ہے اور پاک فرشتوں کے سامنے اور برّہ کے سامنے آگ اور گندھک کے عذاب میں مبتلا ہوگا۔ اور اُنکے عذاب کا دھواں ابدُ الآباد اُٹھتا رہے گا اور جو اُس حیوان اور اُسکے بُت کی پرستش کرتے ہیں اور جو اُسکے نام کی چھاپ لیتے ہیں اُنکو رات دن چین نہ ملے گا۔ مُقدسوں یعنی خُدا کے حکموں پر عمل کرنے والوں اور یسوؔع پر ایمان رکھنے والوں کے صبر کا یہی موقع ہے۔ پھر مَیں نے آسمان میں سے یہ آواز سُنی کہ لکھ! مبارک ہیں وہ مُردے جو اَب سے خُداوند میں مرتے ہیں۔ رُوح فرماتا ہے بیشک! کیونکہ وہ اپنی محنتوں سے آرام پائیں گے اور اُنکے اعمال اُنکے ساتھ ساتھ ہوتے ہیں۔‘‘

مکاشفہ 14:9-13

# زمین پر خُدا کا قہر نازل ہونے سے پہلے شیطان کی چھاپ اور شبیہ پر فتح

''پھر مَیں نے ۔۔۔ سات فرشتے ساتوں پچھلی آفتوں کو لئے ہوئے دیکھے کیونکہ اِن آفتوں پر خُدا کا قہر ختم ہو گیا ہے۔ پھر مَیں نے شیشہ کا سا ایک سُمندر دیکھا جس میں آگ ملی ہوئی تھی اور جو اُس حیوان اور اُسکے بُت اور اُسکے نام کے عدد پر غالب آئے تھے اُنکو اُس شیشہ کے سُمندر کے پاس خُدا کی بربطیں لئے کھڑے ہوئے دیکھا۔ اور وہ خُدا کے بندہ موسیٰ کا گیت اور برّہ کا گیت گا گا کر کہتے تھے اے خُداوند خُدا! قادرِ مطلق! تیرے کام بڑے اور عجیب ہیں۔ اے ازلی بادشاہ! تیری راہیں راست اور درست ہیں۔ پھر مَیں نے مَقدس میں سے کسی کو بڑی آواز سے اُن ساتوں فرشتوں سے یہ کہتے ہوئے سُنا کہ جاوٴ۔ خُدا کے قہر کے ساتوں پیالوں کو زمین پر اُلٹا دو۔'' مکاشفہ 15:1ب-3اور 16:1

(مکاشفہ 16-18 ابواب: سات آفتیں اور اُنکے نتائج)

## گردن کٹوانے والے شہید حکمرانی کرتے ہیں

''اور اُن کی رُوحوں کو بھی دیکھا جنکے سَر یسوعؔ کی گواہی دینے اور خُدا کے کلام کے سبب سے کاٹے گئے تھے اور جنھوں نے نہ اُس حیوان کی پرستش کی تھی نہ اُسکے بُت کی اور نہ اُسکی چھاپ اپنے ماتھے اور ہاتھوں اور پر لی تھی۔ وہ زندہ ہو کر ہزار برس تک مسیح کے ساتھ بادشاہی کرتے رہے۔'' مکاشفہ 20:4ب

# ہرمجدّون: وہ جنگ جس کو مسیح روکتا ہے

## شیطان قوموں کولڑنے کے لئے اکٹھا کرتا ہے

''یہ شیاطین کی نشان دکھانے والی رُوحیں ہیں جو قادرِ مطلق خُدا کے روزِ عظیم کی لڑائی کے واسطے جمع کرنے کے لئے ساری دُنیا کے بادشاہوں کے پاس نکل کر جاتی ہیں۔ اور اُنہوں نے اُنکو اُس جگہ جمع کیا جس کا نام عبرانی میں ہرمجدّون ہے۔''

مکاشفہ 16:14 اور 16

## مسیح اپنی زمین اور اپنے چُنے ہوئے لوگوں یعنی اسرائیل کو آزاد کرتا ہے

''دیکھو مَیں یروشلیم کو اِردگرد کے سب لوگوں کیلئے لڑکھڑاہٹ کا پیالہ بناؤنگا اور یروشلیم کے محاصرہ کے وقت یہوداہ کا بھی یہی حال ہوگا۔ اور مَیں اُس روز یروشلیم کو سب قوموں کے لئے ایک بھاری پتھر بنادونگا اور جو اُسے اُٹھائیں گے سب گھایل ہونگے اور دنیا کی سب قومیں اُسکے مقابل جمع ہونگی۔ تب خُداوند خروج کرے گا اور اُن قوموں سے لڑے گا جیسے جنگ کے دن لڑا کرتا تھا۔ اور خُداوند یروشلیم سے جنگ کرنے والی سب قوموں پر یہ عذاب نازل کرے گا کہ کھڑے کھڑے اُنکا گوشت سُوکھ جائے گا اور اُنکی آنکھیں چشم خانوں میں گل جائیں گی اور اُنکی زبان اُنکے منہ میں سڑ جائیگی۔''

زکریاہ 12:2 الف، 3؛ 14:3، 12

''اگر خُدا ہماری طرف ہے تو کون ہمارا مخالف ہے۔'' رومیوں 8:31 ب

# مسیح اِس دنیا کا حتمی اور آخری حکمران ہے

''کیونکہ خُدا کا غضب اُن آدمیوں کی تمام بے دینی اور ناراستی پر آسمان سے ظاہر ہوتا ہے جو حق کو ناراستی سے دبائے رکھتے ہیں۔'' رومیوں 18:1

''اور قوموں کے مارنے کے لئے اُسکے منہ سے ایک تیز تلوار نکلتی ہے اور وہ لوہے کے عصا سے اُن پر حُکومت کریگا اور قادرِ مطلق خُدا کے سخت غضب کی مَے کے حوض میں انگور روندیگا۔ اور اُسکی پوشاک اور رَان پر یہ نام لکھا ہوا ہے بادشاہوں کا بادشاہ اور خُداوندوں کا خُداوند۔''

مکاشفہ 19:15-16

''اور وہ اَبدالآباد بادشاہی کریگا۔'' مکاشفہ 11:15ب

## مخالفِ مسیح کچھ سالوں تک حکومت کرتا ہے، مسیح 1000 سالوں تک اور پھر ابدیت تک حکومت کرے گا۔

''وہ خُدا اور مسیح کے کاہن ہونگے اور اُسکے ساتھ ہزار برس تک بادشاہی کرینگے۔'' مکاشفہ 20:6ب

''اور اُن بادشاہوں کے ایام میں آسمان کا خُدا ایک سلطنت برپا کریگا جو تا ابد نیست نہ ہوگی۔''

دانی ایل 2:44الف

## ساری قومیں مسیح خُداوند کی پرستش کریں گی

''یارب! سب قومیں جن کو تُو نے بنایا آ کر تیرے حضور سجدہ کریں گی اور تیرے نام کی تمجید کریں گی۔'' زبور 9:86

# شیطان خُدا کے خلاف اپنی جنگ ہارتا ہے

’’ پھر آسمان پر لڑائی ہوئی۔ میکائیل اور اُسکے فرشتے اژدہا سے لڑنے کو نکلے اور اژدہا اور اُسکے فرشتے اُن سے لڑے۔ لیکن غالب نہ آئے اور اِس کے بعد آسمان پر اُنکے لئے جگہ نہ رہی۔ اور وہ بڑا اژدہا یعنی وہی پرانا سانپ جو ابلیس اور شیطان کہلاتا ہے اور سارے جہان کو گمراہ کر دیتا ہے زمین پر گرا دیا گیا اور اُسکے فرشتے بھی اُسکے ساتھ گرا دئے گئے۔ پھر میں نے آسمان پر سے یہ بڑی آواز آتی سُنی کہ اب ہمارے خُدا کی نجات اور قدرت اور بادشاہی اور اُسکے مسیح کا اختیار ظاہر ہوا کیونکہ ہمارے بھائیوں پر الزام لگانے والا جو رات دن ہمارے خُدا کے آگے اُن پر الزام لگایا کرتا ہے گرا دیا گیا۔‘‘ مکاشفہ 12:7-10

## جنگ جیتنے کا اختیار

’’ اور وہ برّہ کے خون اور اپنی گواہی کے کلام کے باعث اُس پر غالب آئے اور اُنہوں نے اپنی جان کو عزیز نہ سمجھا۔ یہاں تک کہ موت بھی گوارا کی۔‘‘ مکاشفہ 12:11

## شیطان کا ابدی انجام

’’ اور آسمان پر سے آگ نازل ہو کر اُنہیں کھا جائیگی۔ اور اُنکا گمراہ کرنے والا ابلیس آگ اور گندھک کی اُس جھیل میں ڈالا جائیگا جہاں وہ حیوان اور جھوٹا نبی بھی ہوگا اور وہ رات دن اَبدالآباد عذاب میں رہیں گے۔‘‘ مکاشفہ 20:9ب اور 10

# ابدی بادشاہت کس کی ہے؟

ابلیس آسمانی خوشی میں ہمیشہ کے لئے خُدا کی تابعداری کر سکتا تھا لیکن اُس نے خُدا کی بادشاہی پر حکمرانی کرنے کی کوشش کی۔

## خُداوند مسیح ہمیشہ تک حکومت کرے گا

''اے خُداوند عظمت اور قدرت اور جلال اور غلبہ اور حشمت تیرے ہی لئے ہیں کیونکہ سب کچھ جو آسمان اور زمین میں ہے تیرا ہے۔ اے خُداوند بادشاہی تیری ہے اور تُو ہی بحیثیت سردار سبھوں سے ممتاز ہے۔'' 1 تواریخ 11:29

''اور جیسے آدم میں سب مرتے ہیں ویسے ہی مسیح میں سب زندہ کئے جائیں گے۔ لیکن ہر ایک اپنی اپنی باری سے۔ پہلا پھل مسیح۔ پھر مسیح کے آنے پر اُسکے لوگ۔ اِسکے بعد آخرت ہوگی۔ اُس وقت وہ ساری حکومت اور سارا اختیار اور قدرت نیست کر کے بادشاہی کو خُدا یعنی باپ کے حوالہ کر دے گا۔ کیونکہ جب تک کہ وہ سب دشمنوں کو اپنے پاؤں تلے نہ لے آئے اُسکو بادشاہی کرنا ضرور ہے۔ سب سے پچھلا دشمن جو نیست کیا جائے گا وہ موت ہے۔''

1 کرنتھیوں 15:22-26

''اور جب ساتویں فرشتہ نے نرسنگا پھونکا تو آسمان پر بڑی آوازیں اِس مضمون کی پیدا ہوئیں کہ دُنیا کی بادشاہی ہمارے خُداوند اور اُسکے مسیح کی ہوگئی اور وہ اَبدالآباد بادشاہی کرے گا۔'' مکاشفہ 11:15

# شیطان اور بدرُوحیں آپکے دشمن

شیطان جسم اور رُوح کو ہم جنس پرستی ، پیدائش سے قبل بچوّں کے قتل اور بدرُوح گرفتگی سے آلودہ کرتا ہے: ''اِسی طرح مرد۔۔۔آپس کی شہوت سے مست ہو گئے۔۔۔ اور اپنے آپ میں اپنی گمراہی کے لائق بدلا پایا۔'' رومیوں 27:1

''یہ چیزیں ہیں جن سے خُداوند کونفرت ہے۔۔۔۔ بے گناہ کا خون بہانے والے ہاتھ۔''

امثال 16:6 الف 17 ب

''پھر جا کر اور سات رُوحیں اپنے سے بُری ہمراہ لے آتی ہے اور وہ داخل ہو کر وہاں بستی ہیں اور اُس آدمی کا پچھلا حال پہلے سے بھی بدتر ہو جاتا ہے۔'' متی 45:12 الف

''اور کچھ عجب نہیں کیونکہ شیطان بھی اپنے آپ کو نورانی فرشتہ کا ہمشکل بنالیتا ہے۔'' 2 کرنتھیوں 14:11

صرف زندہ خُدا کو تلاش کریں۔ مستقبل کا حال معلوم کرنے ، ذہنوں کو پڑھنے ،جسمانی طور پر تندرست ہونے یا روحانی رہنمائی پانے کے لئے کبھی کسی اور دیوتا کو نہ پکاریں۔ اِن سب چیزوں کے پیچھے شیطان ہے جو خُدا سے باغی ہے۔ وہ مختلف لوگوں ، پڑھنے کے مواد، مادی اشیاء اور غلط مذاہب کے ذریعے سے کام کرتا ہے۔ اُسکی پیداوار ایک نظر میں معجزانہ یا مددگار نظر آسکتی ہے لیکن یہ انسان کو شیطان کی ظالمانہ گرفت میں لے جاتی ہے۔ صرف مسیح ہی آپ کو آزاد کرسکتا ہے۔ اپنے آپ کو کسی بھی ایسی روح کے اختیار کے تابع نہ کریں جو خُدا کی رُوح القُدس میں سے نہیں ہے۔ صرف بائبل اور خُداوند یسوعؔ مسیح پر ایمان رکھیں۔ (دیکھئے مکاشفہ 13:)

## بہت سے آئیں گے اور بہتیروں کو گمراہ کریں گے

## کوئی بھی ایسی تعلیم جو مسیح کی ذات اور خون کے ذریعے معافی، پاکیزگی اور نجات کے تنگ راستے سے دور لے جاتی ہے جھوٹی اور گمراہ کرنے والی ہے۔

''یسوعؔ نے جواب میں اُن سے کہا کہ خبردار! کوئی تم کو گمراہ نہ کردے۔ کیونکہ بہتیرے میرے نام سے آئیں گے اور کہیں گے میں مسیح ہوں اور بہت سے لوگوں کو گمراہ کریں گے۔

اور بہت سے جھوٹے نبی اُٹھ کھڑے ہونگے اور بہتیروں کو گمراہ کریں گے۔ متی 24:4-5،11

کیونکہ بہتیرے ایسے ہیں جن کا ذکر میں نے تم سے بارہا کیا ہے اور اب بھی رُو رُو کر کہتا ہوں کہ وہ اپنے چال چلن سے مسیح کی صلیب کے دشمن ہیں۔ اُنکا انجام ہلاکت ہے۔ اُنکا خُدا پیٹ ہے۔''

فلپیوں 3:18-19

## معاف کرو اور معافی پاؤ

'اسلئے کہ اگر تم آدمیوں کے قصور معاف کروگے تو تمہارا آسمانی باپ بھی تم کو معاف کرے گا۔'' متی 6:14

## مسیح کا بیش قمت خون نجات دیتا ہے

''کیونکہ تم جانتے ہو کہ تمہارا نکما چال چلن جو باپ دادا سے چلا آتا تھا اُس سے تمہاری خلاصی فانی چیزوں یعنی سونے چاندی کے ذریعہ سے نہیں ہوئی۔ بلکہ ایک بے عیب اور بے داغ برّے یعنی مسیح کے بیش قمت خون سے۔ کہ اُسکے وسیلہ سے خُدا پر ایمان لائے ہو۔''

1 پطرس 1:18-19، 21 الف

# ہائے میں کیسا کمبخت انسان ہوں!

گناہ کے اصولوں کے تابع: ''اور ہم تو سب کے سب ایسے ہیں جیسے ناپاک چیز اور ہماری تمام راستبازی ناپاک لباس کی مانند ہے اور ہم سب پتے کی طرح کملا جاتے ہیں اور ہماری بد کرداری آندھی کی مانند ہم کو اُڑا لے جاتی ہے۔'' یسعیاہ 6:64

## نافرمانی کی روح پر قہر

''جن میں تم پیشتر دُنیا کی رَوش پر چلتے تھے اور ہوا کی عمل داری کے حاکم یعنی اُس رُوح کی پیروی کرتے تھے جو اَب نافرمانی کے فرزندوں میں تاثیر کرتی ہے۔ اِن میں ہم بھی سب کے سب پہلے اپنے جسم کی خواہشوں میں زندگی گزارتے اور جسم اور عقل کے اِرادے پورے کرتے تھے اور دوسروں کی مانند طبعی طور پر غضب کے فرزند تھے۔'' افسیوں 2:2-3

## شیطان غیر نجات یافتہ لوگوں پر حکمرانی کرتا ہے

''اور اگر ہماری خوشخبری پر پردہ پڑا ہے تو ہلاک ہونے والوں ہی کے واسطے پڑا ہے۔ یعنی اُن بے ایمانوں کے واسطے جن کی عقلوں کو اِس جہان کے خُدا نے اندھا کر دیا ہے تاکہ مسیح جو خُدا کی صورت ہے اُسکے جلال کی خوشخبری کی روشنی اُن پر نہ پڑے۔'' 2 کرنتھیوں 4:3-4

## مسیح میں فتح ہے

''پس اب جو مسیح یسوع میں ہیں اُن پر سزا کا حکم نہیں۔ جو جسم کے مطابق نہیں بلکہ رُوح کے مطابق چلتے ہیں۔'' رومیوں 1:8

## غیر نجات یافتہ لوگوں کا تعلق شیطان سے ہے

''اور کھیت دنیا ہے اور اچھا بیج بادشاہی کے فرزند اور کڑوے دانے اُس شریر کے فرزند ہیں۔'' متی 38:13

''تم اپنے باپ ابلیس سے ہو اور اپنے باپ کی خواہشوں کو پورا کرنا چاہتے ہو۔''

یوحنا 44:8 الف

## آدم میں ہم خُدا کی ذات سے بغاوت کرتے ہیں

''جو میرے ساتھ نہیں وہ میرے خلاف ہے اور جو میرے ساتھ جمع نہیں کرتا وہ بکھیرتا ہے۔'' متی 30:12

## اِس لئے ہمیں مسیح کی رُوح سے نئے سرے سے پیدا ہونا ضروری ہے

''اِس لئے اگر کوئی مسیح میں ہے تو وہ نیا مخلوق ہے۔ پرانی چیزیں جاتی رہیں۔ دیکھو وہ نئ ہو گئیں۔'' 2 کرنتھوں 17:5

''میری بھڑیں میری آواز سنتی ہیں اور مَیں اُنہیں جانتا ہوں اور وہ میرے پیچھے پیچھے چلتی ہیں۔ اور مَیں انہیں ہمیشہ کی زندگی بخشتا ہوں۔'' یوحنا 10: 27-28 الف

## ابھی یسوعؔ مسیح کے تابع ہو جائیں

''دیکھو اب قبولیت کا وقت ہے۔ دیکھو یہ نجاب کا دن ہے۔'' 2 کرنتھیوں 2:6 ب

''اگر اپنے گناہوں کا اقرار کریں تو وہ ہمارے گناہوں کو معاف کرنے اور ہمیں ساری ناراستی سے پاک کرنے میں سچا اور عادل ہے۔'' 1 یوحنا 9:1

# مسیح میں ابدی فتح

’’کون ہم کو مسیح کی محبت سے جُدا کریگا؟ مصیبت یا تنگی یا ظلم یا قال یا ننگا پن یا خطرہ یا تلوار؟۔ مگر اُن سب حالتوں میں اُس کے وسیلہ سے جس نے ہم سے محبت کی ہم کو فتح سے بھی بڑھ کر غلبہ حاصل ہوتا ہے۔‘‘ رومیوں 8:35اور 37

’’جو کوئی خُدا سے پیدا ہوا ہے وہ دنیا پر غالب آتا ہے اور وہ غلبہ جس سے دنیا مغلوب ہوئی ہے ہمارا ایمان ہے۔‘‘ 1 یوحنا 5:4

## غالب آنے والوں کا اجر

’’جس کے کان ہوں وہ سنے کہ رُوح کلیسیاؤں سے کیا فرماتا ہے۔ جو غالب آئے مَیں اُسے پوشیدہ مَن میں سے دونگا اور ایک سفید پتھر دونگا۔ اُس پتھر پر ایک نیا نام لکھا ہوا ہوگا جسے اُسکے پانے والے کے سوا کوئی نہ جانے گا۔‘‘ مکاشفہ 2:17

’’جو غالب آئے اور جو میرے کاموں کے موافق آخر تک عمل کرے مَیں اُسے قوموں پر اختیار دونگا۔‘‘ مکاشفہ 2:26

مقامِ کلوری اِس بات کو ثابت کرتا ہے کہ آپ خُدا کے لئے بہت اہم ہیں! خُدا بھی آپکے لئے بہت اہم ہے!

’’یہ نہیں کہ بذاتِ خود ہم اِس لائق ہیں کہ اپنی طرف سے کچھ خیال بھی کرسکیں بلکہ ہماری لیاقت خُدا کی طرف سے ہے۔‘‘ 2 کرنتھیوں 3:5

# انتخاب کریں کہ آپ ہمیشہ کس کی خدمت کریں گے

## مسیح کے ساتھ جلال میں ظاہر ہوں

پس جب تم مسیح کے ساتھ جِلائے گئے تو عالم بالا کی چیزوں کی تلاش میں رہو جہاں مسیح موجود ہے اور خُدا کی دہنی طرف بیٹھا ہے۔ عالمِ بالا کی چیزوں کے خیال میں رہو نہ کہ زمین پر کی چیزوں کے۔ جب مسیح جو ہماری زندگی ہے ظاہر کیا جائے گا تو تم بھی اُسکے ساتھ جلال میں ظاہر کئے جاؤ گے۔ پس اپنے اُن اعضاء کو مُردہ کرو جو زمین پر ہیں یعنی حرامکاری اور ناپاکی اور شہوت اور بُری خواہش اور لالچ کو جو بُت پرستی کے برابر ہے۔ کہ اُن ہی کے سبب سے خُدا کا غضب نافرمانی کے فرزندوں پر نازل ہوتا ہے۔''

کلسیوں 3:1-2 اور 4-6

## یا ہمیشہ کے لئے شیطان کے ساتھ لعنتی ٹھہریں

''پھر وہ بائیں طرف والوں سے کہے گا اے ملعونو میرے سامنے سے اُس ہمیشہ کی آگ میں چلے جاؤ جو ابلیس اور اُسکے فرشتوں کے لئے تیار کی گئی ہے۔''   متی 41:25

''شریر پاتال میں جائیں گے۔ یعنی وہ سب قومیں جو خُدا کو بھول جاتی ہیں۔'' زبور 17:9

''اور اگر تیرا ہاتھ تجھے ٹھوکر کھلائے تو اُسے کاٹ ڈال۔ ٹُنڈا ہو کر زندگی میں داخل ہونا تیرے لئے اِس سے بہتر ہے کہ دو ہاتھ ہوتے جہنم کے بیچ اُس آگ میں جائے جو کبھی بجھنے کی نہیں۔''   مرقس 43:9

# آسمان کی بادشاہی آپ کے لئے ہے

## اپنے آپ کو حلیم بنائیں

''اُس نے ایک بچے کو پاس بُلا کر اُسے اُن کے بیچ کھڑا کیا۔ اور کہا مَیں تم سے سچ کہتا ہوں کہ اگر تم توبہ نہ کرو اور بچّوں کی مانند نہ بنو تو آسمان کی بادشاہی میں ہرگز داخل نہ ہوگے۔ پس جو کوئی اپنے آپ کو اِس بچّے کی مانند چھوٹا بنائے گا وہی آسمان کی بادشاہی میں بڑا ہوگا۔''

متی 18:2-4

## گناہوں سے توبہ کریں

''یوحنا آیا اور بیابان میں بپتسمہ دیتا اور گناہوں کی معافی کے لئے توبہ کے بپتسمہ کی منادی کرتا تھا۔ پھر یوحنا کے پکڑوائے جانے کے بعد یسوع نے گلیل میں آکر خُدا کی خوشخبری کی منادی کی۔ اور کہا کہ وقت پورا ہوگیا ہے اور خُدا کی بادشاہی نزدیک آگئی ہے۔ توبہ کرو اور خوشخبری پر ایمان لاؤ۔'' مرقس 1:4 اور 14-15

''میں تم سے کہتا ہوں کہ نہیں بلکہ اگر تم توبہ نہ کرو گے تو سب اِسی طرح ہلاک ہوگے۔'' لوقا 13:3

''پس توبہ کرو اور رجوع لاؤ تاکہ تمہارے گناہ مٹائے جائیں اور اِس طرح خُداوند کے حضور سے تازگی کے دن آئیں۔'' اعمال 3:19

# آج مسیح کو اپنے نجات دہندہ کے طور پر قبول کریں

## اپنا آپ مسیح کو دے دیں

## خُدا اپنے فرزند بننے کا حق بخشتا ہے

’’اپنی راہ خُداوند پر چھوڑ دے اور اُس پر توکل کر۔ وہی سب کچھ کرے گا۔‘‘ زبور 5:37

’’لیکن جتنوں نے اُسے قبول کیا اُس نے اُنہیں خُدا کے فرزند بننے کا حق بخشا یعنی اُنہیں جو اُس کے نام پر ایمان لاتے ہیں۔‘‘ یوحنا 12:1

’’کیونکہ خُدا نے دنیا سے ایسی محبت رکھی کہ اُس نے اپنا اکلوتا بیٹا بخش دیا تاکہ جو کوئی اس پر ایمان لائے ہلاک نہ ہو بلکہ ہمیشہ کی زندگی پائے۔‘‘ یوحنا 16:3

’’انہوں نے کہا خُداوند یسوع پر ایمان لا تو تُو اور تیرا گھرانا نجات پائے گا۔‘‘

اعمال 31:16

## کُھلے عام مسیح کا اعتراف کریں

’’کہ اگر تُو اپنی زبان سے یسوع کے خُداوند ہونے کا اقرار کرے اور اپنے دل سے ایمان لائے کہ خُدا نے اُسے مُردوں میں سے جلایا تو نجات پائے گا۔ کیونکہ راستبازی کے لئے ایمان لانا دل سے ہوتا ہے اور نجات کے لئے اقرار منہ سے کیا جاتا ہے۔ چنانچہ کتابِ مُقدس یہ کہتی ہے کہ جو کوئی اُس پر ایمان لائے گا وہ شرمندہ نہ ہوگا۔‘‘ رومیوں 10:9-11

Read booklets online or by App
www.wmp-readonline.org
1447/2 Urdu VJC/SVC 11-21 www.wmpress.org